میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 07 صفر، 1440ھ | 16/10/2018 | نمبر: 1440/06


# روس بھارت کو ایس-400 میزائل فروخت کر کے پاکستان کے دفاع کو کمزور کر رہا ہے جبکہ پاکستان کے بے وقوف حکمران روس کے ساتھ اتحاد کی باتیں کر رہے ہیں

پاکستان کے مسلمانوں نے روس کی اسلام اور مسلمانوں سے دشمنی کے مظاہرے کا مشاہدہ کیا جب روس نے جدید ترین اینٹی ائر کرافٹ اور اینٹی میزائل سسٹم ایس-400 ہندو ریاست کو فروخت کرنے کے معاہدے کا اعلان کیا۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق بھارت اور روس نے 5 ارب ڈالر کی قیمت پر جدید ترین فضائی دفاع کے نظام کی فروخت کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ فضائی دفاع کا نظام باقاعدہ حکومتی درخواست مل جانے کے بعد دو سال میں بھارت کے حوالے کر دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انیسویں سالانہ روس-بھارت ملاقات کے دوران پوٹن اور مودی جو کہ دونوں ہی اسلام اور مسلمانوں کے بدترین دشمن ہیں، نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وہ علاقائی اور سیکیورٹی کے امور پر تعاون کریں گے اور انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں نام نہاد سرحد پار دہشت گردی کا حوالہ دیتے ہوئے پاکستان کو اس کا مرکز قرار دیا۔

روس کا بھارت کو مسلح کرنا اُس امریکی مدد کے علاوہ ہے جس کے تحت امریکا بھارت کو اسٹریٹیجک حمایت فراہم کر کے خطے میں مسلمانوں اور چین کے خلاف اپنے پولیس مین کے طور پر استعمال کرنا چاہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکا نے بھارت کو روسی ہتھیاروں کی فروخت کی خاطر خواہ مخالفت نہیں کی کیونکہ وہ روس کو بھی چین کے خلاف استعمال کرنا چاہتا ہے۔ امریکا اور روس دونوں ہی خطے میں بھارت کو مضبوط کر رہے ہیں اور ان دونوں نے پاکستان کے سیکیورٹی خدشات کو نظر انداز کر دیا ہے۔ روس کا بھارت کو جدید ترین فضائی دفاع کے نظام کو فروخت کرنا پاکستان کی سیاسی و فوجی قیادت کے منہ پر تھپڑ ہے جنہوں نے روس اور چین کو خوش کرنے کے لیے تاریخ میں پہلی بار شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت بھارت کے ساتھ فوجی مشقوں میں بھرپور حصہ لیا۔ یقیناً چین، روس اور امریکا اسلام دشمنی میں مسلمانوں کے خلاف یکجا ہو جاتے ہیں اور وہ دنیا میں کہیں بھی مسلمانوں پر حملہ کرنے اور انہیں کمزور کرنے کا موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ پاکستان کی سیاسی و فوجی قیادت نے شام میں شامی مسلمانوں کے قتل عام میں روس کے انتہائی وحشیانہ کردار کو نظر انداز کرتے ہوئے اس سے تعلقات کو بڑھایا لیکن اس کے باوجود روس پاکستان کے دشمن بھارت کو مضبوط کر رہا ہے۔

وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَاءً ۖ فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ

"وہ تو یہی چاہتے ہیں کہ جس طرح وہ خود کافر ہیں (اسی طرح) تم بھی کافر ہو کر (سب) برابر ہو جاؤ تو جب تک وہ اللہ کی راہ میں وطن نہ چھوڑ جائیں ان میں سے کسی کو دوست نہ بنانا اگر (ترک وطن کو) قبول نہ کریں" (النساء:89)۔

حزب التحریر نے پاکستان کے مسلمانوں اور حکمرانوں کو بار بار خبردار کیا ہے کہ اسلام کے دشمنوں، امریکا، روس، چین اور بھارت کو دوست نہ بنائیں کیونکہ یہ طاقتیں دنیا بھر میں مسلمانوں کو محکوم بنانے کی کوشش میں برسرِ پیکار ہیں۔

**اے افواج پاکستان میں موجود مخلص افسران!** وقت آگیا ہے کہ آپ ان حکمرانوں کی غداری کو سمجھیں اور اس غداری کے خاتمے کے لیے ان کے خلاف حرکت میں آئیں۔ ہم اقتصادی خوشحالی اور تحفظ کبھی ایک تو کبھی دوسری اسلام دشمن طاقت کے زیر سایہ رہ کر حاصل نہیں کر سکتے

چاہے وہ امریکا ہو یا روس یا چین، کیونکہ ایسا کرنے سے صرف آقا تبدیل ہوتا ہے۔ ہماری طاقت اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر ایمان اور مسلمانوں کی یکجہتی میں مقید ہے اور یہ طاقت صرف اس وقت حاصل ہوسکتی ہے جب دنیا بھر کے مسلمانوں کو ایک ہی خلیفہ راشد کی قیادت میں یکجا کر دیا جائے۔ ایک ایسا خلیفہ جسے چیچنیا سے داغستان، مشرقی ترکستان سے شمالی امریکا، پورے مشرق وسطیٰ اور افریقا کے ایک ارب پچاس کروڑ سے زائد مسلمانوں کی حمایت اور وفاداری حاصل ہوگی۔ تو نبوت کے طریقے پر خلافت راشدہ کے قیام کے لیے حرکت میں آئیں جو آپ کو طاقتور اور دنیا کا حکمران بنادے گی اور آخرت میں آپ کے لیے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہوگی۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۗ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۗ وَ الَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۗ وَّمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ

"جو شخص عزت چاہتا ہے تو اللہ ہی کے لئے ساری عزت ہے، پاکیزہ کلمات اسی کی طرف چڑھتے ہیں اور وہی نیک عمل (کے مدارج) کو بلند فرماتا ہے، اور جو لوگ بری چالوں میں لگے رہتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اور ان کا مکر وفریب نیست و نابود ہوجائے گا" (الفاطر:10)

# ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس